سوال

(162)ایک مسجد میں جمعہ ہورہا ہے کچھ لوگ اس تھوڑی دیر الگ جا کر مسجد تعمیر کرتے ہیں اور جامع مسجد قرار دینا چاہتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسجد میں مدت سے جمعہ ہورہا ہے، کچھ لوگ تھوڑی دور الگ مسجد بنا کر اسے جامع مسجد قراردینے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ کیا یہ درست ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگراس میں انتقال جمعہ میں کوئی فساد یا ضد نہیں ہے تو دوستوں کو باہمی طور پر فیصلہ کرلینا چاہیے صرف ضد یا تعصب کی آڑمیں یہ مطالبہ نہیں کرنا چاہیے، پہلی مسجد اگرچھوٹی یا آبادی سے دور ہے اور نئی مسجد بڑی ہے۔ تواس کی سہولتوں سے فائدہ اٹھانے میں کوئی ہرج نہیں،جمعہ کی تبدیلی اجتماع کی ضروریات کے مطابق ادھر ادھر کی جا سکتی ہے۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۱۳ ش نمبر ۸)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02